© rasailojaraid.com

ہوئیں اور یہ کتاب کئی لوگوں کے اسلام لانے کا ذریعہ بنی۔ ڈیڑھ سو سال پہلے لکھی جانے والی یہ کتاب اردو زبان کے اعتبار سے قدیم تھی، اب مکی دارلکتب کے احباب نے اس کو عام فہم اردو اور جدید اسلوب میں ڈھال کر شائع کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو مؤلف رحمہ اللہ، ناشرین اور سب اہل اسلام کیلئے ذریعہ نجات بنائے آمین۔ کتاب کی طباعت واشاعت معیاری ہے۔

**اولیاء اللہ کی پہچان**، مرتب: مولانا لیاقت علی شاہ نقشبندی، ناشر: مکتبہ غفوریہ نزد جامعہ اسلامیہ درویشیہ سندھی مسلم سوسائٹی کراچی، صفحات: ۸۰۔

تصوف کے موضوع پر یہ رسالہ مولانا حافظ لیاقت علی شاہ نقشبندی غفوری صاحب کا تالیف کردہ ہے، ''اولیاء اللہ کی پہچان، ایمان وتقویٰ'' کے عنوان سے خود مرتب نے قرآن وحدیث اور عالم اسلام کی چنیدہ شخصیات کے واقعات ذکر کر کے اولیاء اللہ کے اوصاف بیان کیے ہیں، اس کے بعد ''البحر المورود فی المواثیق والعہود'' کے نام سے علامہ عبدالوہاب شعرانیؒ کا ایک رسالہ شامل ہے جس میں اولیاء اللہ کے چھتر آداب ذکر کئے گئے ہیں، اس رسالے کا ترجمہ شیخ الاسلام علامہ ظفر احمد عثانی رحمہ اللہ نے کیا ہے۔ آخر میں ''اہل تصوف اور دینی جدوجہد'' کے عنوان سے مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ کا ایک رسالہ ہے، جس میں اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ تصوف تعطل وبے عملی، حالات سے شکست خوردگی اور میدان جہاد سے فرار کا نام نہیں بلکہ تاریخی حیثیت سے یہ بات ثابت ہے کہ ان آخری صدیوں میں بھی سرفروشی وجانبازی، جہاد وقربانی اور تجدید وانقلاب میں جن شخصیات نے مجددانہ یا مجاہدانہ کارہائے نمایاں سرانجام دئے ان میں سے اکثر شخصیات روحانی حیثیت سے بلند مقام کی حامل تھیں۔ جن میں سید احمد شہیدؒ، امیر عبدالقادر الجزائری مجاہد جزائر، محمد احمد السوڈانی (مہدی سوڈان) سید احمد شریف السنوسی جیسی بلند پایہ روحانی شخصیات سرفہرست ہیں۔

یہ رسالہ کارڈ ٹائٹل کے ساتھ اچھی طباعت واشاعت اور درمیانے کاغذ پر شائع ہوا ہے۔

**جہد الوصول الی فہم الاصول**، مرتب: مولوی محمد اسد خان، ناشر: دارالعلوم معارف القرآن حسن ابدال، صفحات: ۴۵۔

زیر نظر رسالہ اصول فقہ کی اصطلاحات اور قواعد وضوابط پر مشتمل جامعہ عربیہ اشاعت القرآن حضرو کے فاضل اور دارالعلوم معارف القرآن حسن ابدال کے مدرس مولوی محمد اسد خان کا مرتب کردہ ہے، رسالے کی ابتداء میں متعدد حضرات کی تقاریظ ہیں اور اس کے بعد ''مبادیات اصول فقہ'' کے نام سے اصطلاحات کا بیان ہے۔ بعد ازاں اصول فقہ کی عام ترتیب کے مطابق کتاب اللہ، بحث السنۃ، بحث الاجماع اور بحث القیاس کے عنوان سے ہر بحث سے متعلق اصول فقہ کے مختلف ضوابط واصول کو مختصر انداز میں تحریر کیا گیا ہے۔ رسالے میں ہر بات بحوالہ پیش کی گئی ہے، دیگر کتابوں کے علاوہ زیادہ استفادہ اصول فقہ کی مشہور ومعروف اور داخل نصاب کتاب ''اصول شاشی'' سے کیا گیا ہے۔

یہ رسالہ عربی زبان میں ہے لیکن خود مؤلف اور اصحاب تقاریظ میں سے اکثر حضرات کی عربی انتہائی کمزور درجے کی ہے، ''کلمۃ المؤلف'' کے بجائے ''عرض المرتب'' کا عنوان قائم کیا گیا ہے، علامات ترقیم اور کمپوزنگ کو بھی درخور اعتناء نہیں سمجھا گیا، اشاعت سے پہلے کسی عربی داں کو دکھا دینا مناسب تھا' بہر حال یہ رسالہ طلباء خصوصاً مبتدی طالبعلموں کیلئے مفید ہے۔

☆......☆......☆


© rasailojaraid.com